محمد صمد نام رکھنا

مجیب: مولانا محمد سعید عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-2074

تاریخ اجراء: 29ربیع الاول1445ھ/16اکتوبر2023ء

دارالافتاءاہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

میرا نام محمد صمد ہے، سب بولتے ہیں عبد الصمد ہونا چاہئے تو کیا میں اس کو بدل کر عبد الصمد کر سکتا ہوں کوئی شرعی ممانعت تو نہیں ہے؟

بِسْمِ اللہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

صمد اللہ پاک کے ان ناموں میں سے ہے جو اسی کی ذات کے ساتھ خاص ہیں، لہذا اس سے قبل لفظ عبد کا ہونا ضروری ہے تاکہ عبدیت کا اظہار ہو تو آپ بلاشبہ محمد صمد نام بدل کر عبد الصمد کر لیں۔

فقیہ اعظم ہند مفتی شریف الحق امجدی علیہ الرحمۃ ارشاد فرماتے ہیں: ”صمد“ اللہ عزوجل کی ایسی صفت خاصہ ہے کہ اس کا اطلاق مخلوق پر جائز نہیں، اس لئے کہ صمد کے معنٰی ہے جو سب سے بے نیاز ہو اور ساری مخلوق اس کی محتاج ہو اور ہمیشہ سے ہو ہمیشہ رہے۔“ (فتاوی شارح بخاری، ج02، ص189، مطبوعہ دار اہلسنت)

شہزادۂ اعلیٰ حضرت حُضُور مفتیٔ اعظم ہند مولٰینا محمد مصطفٰے رضا خان عَلَیْہِ رَحمَۃُ المَنّان فرماتے ہیں: ایسے ناموں سے لفظ عبد کا حَذف یعنی الگ کر دینا بَہُت بُرا ہے اور کبھی ناجائز و گناہ ہوتا ہے اور کبھی سرحدِ کفر تک بھی پہنچتا ہے۔ قادِر کا اِطلاق تو غیر پر جائز ہے۔ اس صورت میں عبدُ القادِر کو قادِر کہہ کر پکارنا بُرا ہے۔ مگر قدیر کا اِطلاق غیرِ خدا پر ناجائز۔ کمافِی البَیضاوی اور اگر کسی کا نام عبد القدوس، عبد الرحمٰن، عبد القیوم ہے تو اسے قدوس، رحمٰن، قیوم کہنا ایسا ہی ہے جیسے اُسے کہ) جس کا نام عبد اللہ ہو (اُس کو ”اللہ“ کہنا بَہُت سخت بات ہے۔ والعِیاذُ بِاللہ تعالٰی۔ جس کا نام عبدُ القادِر ہو اُسے بھی عبدُ القادِر ہی کہا جائے، جس کا عبدُ القدیر اسے عبدُ القدیر ہی کہنا ضَرور ہے۔ عبدُ الرَّزّاق کو عبدُ الرَّزّاق، عبدُ المُقتَدِر کو عبدُ المُقتَدِر۔ غیر پر اطلاقِ قَدیر و مُقتَدِر یعنی اللہ عَزَّوَجَلَّ کے علاوہ کسی غیر کو قدیر اور مقتدر کہہ سکتے ہیں یا نہیں اِس مسئلے میں عُلَما کا اِختِلاف ہے۔ عبد القدوس کو عبد القدوس عبد الرحمٰن کو عبد الرحمٰن عبد القیوم کو عبد القیوم عبد

اللہ کو عبد اللہ ہی کہنا فرض ہے یہاں عبد کا حذف اشد درجہ حرام وکفر ہو گا والعیاذ باللہ تعالیٰ۔“(فتاوی مصطفویہ ،ص89-90،شبیر برادرز)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net | daruliftaahlesunnat | DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat | feedback@daruliftaahlesunnat.net